2-8

روزنامہ نئی بات

مورخہ 29/11/13 صفحہ نمبر 8

غیر رجسٹرڈ ڈگریاں: پی ایم ڈی سی ڈاکٹروں کیخلاف کارروائی کریگی

ادارے کی بہتری کیلئے مشیر رکھا جائیگا، پوسٹ گریجویشن ایجوکیشن کو آرگنائز کرنے کی تجویز

ڈگریوں کی رجسٹریشن کے علاوہ میڈیسن کی پریکٹس کیلئے لائسنس جاری کیا جائیگا: فیصلے

اسلام آباد (خبر نگار) پی ایم ڈی سی غیر رجسٹرڈ ڈگریاں استعمال کرنیوالے ڈاکٹروں کے خلاف سخت انضباطی کارروائی کرے گی، میڈیکل اور ڈینٹل ایجوکیشن کے استحکام کیلئے ذرائع اور طریق کار تعین کرنے کیلئے پی ایم ڈی سی سیکرٹریٹ میں ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس کی تفصیلات جاری کر دی گئیں

(باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 45)

نئی بات | پی ایم ڈی سی | 45

ہیں جن کے مطابق کمیٹی نے ملک میں پوسٹ گریجویشن ایجوکیشن کو آرگنائز کرنے کی سفارش تجویز دی ہے۔ یہ فیصلہ بھی کیا گیا ہے کہ پی ایم ڈی سی کو کاغذ کی محتاجی سے نکالا جائے جس کیلئے ایک مشیر ہائر کیا جائیگا تاکہ وہ پی ایم اینڈ ڈی سی کے ہر کام کے طریقہ کار کو موجودہ ترقی یافتہ دور کے مطابق بنائے، کمیٹی نے فیصلہ کیا کہ ڈگریوں کی رجسٹریشن کے علاوہ پی ایم اینڈ ڈی سی میڈیسن کی پریکٹس کیلئے ایک لائسنس جاری کرے گی جس کیلئے تمام ڈاکٹروں کو سی ایم ای کے لازمی کریڈٹ آورز استعمال کرنے ہونگے، مستقبل میں پوسٹ گریجویٹ ڈگری کے حامل تمام ڈاکٹرز کے پی ایم اینڈ ڈی سی کے رجسٹریشن سرٹیفکیٹ میں ان کو ڈگری ایوارڈ کرنے والے ادارے اور تربیتی ادارے کا اندراج بھی کیا جائیگا۔ میڈیکل ڈینٹل کالجز کے طلبا کو آغاز میں پی ایم اینڈ ڈی سی کا ایک مخصوص نمبر بھی الاٹ کیا جائیگا اور یہ نمبر ان کے سارے کیریئر میں ان کے رجسٹریشن نمبر کے طور پر رہیگا۔ ہر سال مختلف میڈیکل اور ڈینٹل کالجز میں تقریباً 13000 سے 14000 طلبہ داخلہ لیتے ہیں کمیٹی نے اس کا اطلاق بھی کیا کہ تمام پوسٹ گریجویٹ طلبہ فارم 7 کے مطابق تربیت کی ایک نقل مہیا کرینگے ڈاکٹرز کی پروفیشنل ایجوکیشن کی تصدیق کی جائیگی اور اس بات کو یقینی بنایا جائیگا کہ وہ سپیشلٹی کا پروفیشنل علم، طریق کار کی انجام دہی کیلئے مطلوبہ مہارت اور میڈیکل اخلاقیات کے حامل ہیں، کمیٹی نے مزید فیصلہ کیا کہ اپنے نام کے ساتھ غیر رجسٹرڈ شدہ ڈگریاں کسی بھی سپیشلٹی کی اضافی کوالیفکیشن جن کی رجسٹریشن پی ایم اینڈ ڈی سی کے ساتھ نہیں ہے استعمال کرنیوالے تمام ڈاکٹرز کے خلاف سخت انضباطی کارروائی کی جائے گی۔ کمیٹی نے ان سفارشات اور ہدایات پر عمل درآمد کا فیصلہ کیا ہے اجلاس کی صدارت پروفیسر ڈاکٹر مسعود حمید خان صدر پی ایم اینڈ ڈی سی نے کی اور ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبران پروفیسر ڈاکٹر ایم اویس، پروفیسر ڈاکٹر اعظم حسین یوسفانی، پروفیسر ڈاکٹر غلام قادر قاضی، پروفیسر ڈاکٹر سادات خان، پروفیسر ڈاکٹر عبدالسلام، ڈاکٹر خورشید احمد نسیم نے بھی اجلاس میں شرکت کی۔